**MR. JUSTICE SYED MANSOOR ALI SHAH**
**SUPREME COURT OF PAKISTAN**

**The Hon'ble President of Pakistan**
Aiwan-e-Sadr
Islamabad.

**13 November 2025**

**Subject: Resignation from the Office of Judge, Supreme Court of Pakistan**

**Sir,**

The Twenty-Seventh Constitutional Amendment stands as a grave assault on the Constitution of Pakistan. It dismantles the Supreme Court of Pakistan, subjugates the judiciary to executive control, and strikes at the very heart of our constitutional democracy- making justice more distant, more fragile, and more vulnerable to power. By fracturing the unity of the nation's apex court, it has crippled judicial independence and integrity, pushing the country back by decades. As history bears witness, such a disfigurement of the constitutional order is unsustainable and will, in time, be reversed - but not before leaving deep institutional scars.

At this critical juncture, only two courses are open to me as a Judge of this Court: either to remain within an arrangement that undermines the very foundation of the institution one has sworn to protect, or to step aside in protest against its subjugation. Staying on would not only amount to silent acquiescence in a constitutional wrong, but would also mean continuing to sit in a court whose constitutional voice has been muted. Unlike the Twenty-Sixth Amendment - when the Supreme Court of Pakistan still retained the jurisdiction to examine and answer the constitutional questions - the present amendment has stripped this Court of that fundamental and critical jurisdiction and authority. Serving in such a truncated and diminished court, I cannot protect the Constitution, nor can I even judicially examine the amendment that has disfigured it.



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

MR. JUSTICE SYED MANSOOR ALI SHAH
SUPREME COURT OF PAKISTAN

I am unable to uphold my oath sitting inside a court that has been deprived of its constitutional role; resignation therefore becomes the only honest and effective expression of honouring my oath. Continuing in such a version of the Supreme Court of Pakistan, would only suggest that I bartered my oath for titles, salaries, or privileges. Accordingly, for the reasons set out hereunder, and in terms of Article 206(1) of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby resign from the office of Judge of the Supreme Court of Pakistan, with immediate effect.

*1. A Manufactured Court*

The Twenty-Seventh Constitutional Amendment was enacted by a government - and endorsed by the current leadership of the Supreme Court - while their own legitimacy remained under serious constitutional challenge. At a moment when the dignity and independence of the Court demanded principled resistance, the incumbent Chief Justice offered none. Instead of defending the institution he was entrusted to lead, he assented to the amendment and negotiated only the preservation of his own position and title, even as the Court's constitutional stature was being dismantled. When the head of the judiciary chooses personal continuity over institutional integrity - especially while his own legitimacy is under judicial scrutiny - the result is not leadership, but abdication. Until those legitimacy questions were transparently and conclusively resolved, neither the government nor the present judicial leadership had any moral or constitutional authority to recast the judicial architecture of the State. Yet they proceeded to do exactly that, disfiguring the structure of justice and striking at the heart of Pakistan's constitutional balance.

Since independence, Pakistan has lived under a single apex court - from the Federal Court of 1948 to the Supreme Court established by the 1956 Constitution - rooted in the common-law tradition and entrusted as the final guardian of the Constitution. The Twenty-Seventh Amendment ruptures that settled design. It divides the Supreme Court of Pakistan and creates a new Federal Constitutional Court above it - an arrangement entirely alien to the common-law world.

This amendment has no constitutional logic, no legal necessity, and no jurisprudential foundation. It was enacted without debate, without consultation, and



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

without seeking the considered input of the judiciary it seeks to remake. Its only discernible purpose is to place the judiciary under executive influence, allowing those in power to curate, control, and manufacture a constitutional court of their own choosing, while leaving behind a Supreme Court of Pakistan reduced to a mere appellate tribunal - stripped of constitutional jurisdiction and incapable of addressing state excesses or violations of fundamental rights.

I feel deep sorrow for the judges who will now be made part of the new Federal Constitutional Court and will sit in a court created not by constitutional wisdom, but by political expediency. This is not reform; it is regression of the most dangerous kind. It captures the judiciary, hollows out the Supreme Court of Pakistan, and replaces constitutional adjudication with a court shaped by power, not by principle.

*2. The Beginning of the End*

The Twenty-Sixth Constitutional Amendment, passed in October 2024, marked the first step in a deliberate campaign to erode judicial independence. Yet at that moment, there remained a sliver of hope - that the Supreme Court of Pakistan would, as a Full Court, rise to examine the amendment and reclaim its constitutional role. I chose to stay then, trusting that institutional reason and constitutional morality would prevail. The hope, that once sustained many within the institution, has now been extinguished. The light of judicial independence has not faded by accident - it has been dimmed by design.

3. *My Constitutional Calling*

When I took oath as a Judge of the Lahore High Court in 2009, I joined a constitutional court. My devotion to constitutionalism and my faith in the transformative power of the Constitution have guided every day of my judicial life. Over these years, I have sought to give life to the Constitution, to strengthen democracy, to expand rights, and to uphold the rule of law.



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

Today, I am asked to serve in a court stripped of its constitutional jurisdiction - a court that no longer guards the fundamental rights of the people of Pakistan. That is not the court I joined, nor the judicial life I chose.

*4. Parting Reflections*

I leave behind my judgments for the students of law to read, reflect upon, and, I hope, to improve. Whatever I wrote, I wrote with conviction, with passion, and with heart - a labour of love dedicated to the Constitution and to the people of Pakistan. A judge's true legacy lies not just in the number of cases decided, but in whether the law was made a little fairer, kinder, and closer to the people it serves. If, in some measure, my work has helped in that direction, I leave content - for the nobility of law, like life, lies not in power but in compassion and courage.

Nations that prosper are those that place the rule of law at the heart of their governance and preserve judicial independence as a sacred trust. Where justice is shackled, nations do not merely falter - they lose their moral compass. History bears witness: when courts fall silent, societies descend into darkness.

*5. Gratitude and Faith*

To the judges of the district judiciary, I owe my deepest respect and gratitude. You are the backbone of our justice system - the face of justice to the people of Pakistan. Those who have worked with me, and those who continue to honestly serve in every district and tehsil, remain a source of immense pride.

To the lawyers and law officers who appeared before me, and the Research officers and law clerks who assisted me, I extend sincere appreciation. Your advocacy and diligence enriched my understanding of the law. To the young lawyers who now stand at the threshold of their journeys- remember that the law is a calling of conscience. Your education and privilege will go to waste if, when the time comes, you do not stand with the Constitution.



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

MR. JUSTICE SYED MANSOOR ALI SHAH
SUPREME COURT OF PAKISTAN

To my dedicated staff at the Supreme Court and earlier at the Lahore High Court, especially my secretaries and qasids, I offer my deepest thanks. You created the quiet, disciplined, and insulated space in which I could think, write, and work with independence and courage. I also thank my home staff for having served me all these years with utmost loyalty and honesty.

To my colleagues on the Bench, and to everyone with whom I have had the privilege to work, I am deeply grateful for the respect, kindness, and cooperation I have received. If, in the course of our work, I have caused hurt or discomfort to anyone, I offer my sincere apologies and part with nothing but goodwill and regard.

To my close friends - those from my school days who have walked beside me for a lifetime, with one regrettable exception, and the few steadfast companions I found later whose friendship I deeply cherish - I extend my heartfelt gratitude. Their unwavering loyalty and quiet strength have been a steadying force throughout this journey.

To my family, whose support and faith have been my anchor, I owe everything. To my parents - especially my mother - whose prayers, and quiet strength have shaped my every decision; to my wife, whose steadfastness, resilience, and moral clarity have been the voice of my conscience; and to my children, who have shared in every joy and trial of this journey. And to my younger son - a special soul who has taught me that Allah is the greatest of planners and that peace lies in surrender to His will - I owe a lesson far greater than any learned in courts or books.

I therefore resign as the senior-most Judge of the Supreme Court of Pakistan, in full awareness of the reasons that compel it and in loyalty to the Constitution that has guided every step of my judicial life. I do so with pride in having served this institution with honour and integrity, and with peace in knowing that I leave it with a clear conscience and no regrets.



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

In parting, I find solace in the words of **Ahmad Faraz,** which carry the conviction that sustains me still:

مرا قلم تو امانت ہے میرے لوگوں کی
مرا قلم تو عدالت مرے ضمیر کی ہے
اسی لیے تو جو لکھا تپاکِ جاں سے لکھا
جبھی تو لوچ کماں کا زبان تیر کی ہے
میں کٹ گروں کہ سلامت رہوں یقیں ہے مجھے
کہ یہ حصارِ ستم کوئی تو گرائے گا
تمام عمر کی ایذا نصیبیوں کی قسم
مرے قلم کا سفر رائیگاں نہ جائے گا

With respect,

**Syed Mansoor Ali Shah**
Senior Puisne Judge
Supreme Court of Pakistan
Islamabad



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

MR. JUSTICE SYED MANSOOR ALI SHAH
SUPREME COURT OF PAKISTAN

**نوٹ:** یہ انگریزی استعفے کے مکتوب کا اردو ترجمہ ہے، جو صرف عام فہم کے لیے دیا گیا ہے۔ اصل مکتوب انگریزی زبان میں شمار ہو گا۔

**محترم صدرِ پاکستان**

ایوانِ صدر

اسلام آباد

13 نومبر 2025

**عنوان: جج، سپریم کورٹ آف پاکستان کے عہدے سے استعفیٰ**

**محترم صدرِ پاکستان**

ستائیسویں آئینی ترمیم آئینِ پاکستان پر ایک سنگین حملہ ہے، جس نے سپریم کورٹ آف پاکستان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے عدلیہ کو حکومت کے ماتحت بنا دیا ہے، اور ہماری آئینی جمہوریت کی روح پر کاری ضرب لگائی ہے۔ اس کے نتیجے میں انصاف عام آدمی سے دور، کمزور اور طاقت کے سامنے بے بس ہو گیا ہے۔ ملک کی واحد اعلیٰ ترین عدالت کو منقسم کر کے اور عدلیہ کی آزادی کو پامال کرنے سے ملک کو دہائیوں پیچھے دھکیل دیا گیا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ آئینی نظم و نسق کی ہیئت میں اس طرح کی تبدیلیاں زیادہ دیر پا ثابت نہیں ہوتیں اور اصلاح ایک یقینی امر ہے مگر اس کے چھوڑے ہوئے زخم کے نشانات مندمل نہیں ہو سکتے۔



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

اس نازک موڑ پر میرے سامنے دو ہی راستے ہیں: یا تو میں ایک ایسے انتظام کا حصہ بن کر رہوں جو اس ادارے کی ہی بیخ کنی کرتا ہے ، جس کے تحفظ کا میں نے حلف لیا تھا، یا پھر احتجاجاً اس کے خلاف کھڑے ہو کر عہدہ سے دستبردار ہو جاؤں۔ عہدے سے وابستہ رہنا نہ صرف ایک آئینی دراندازی پر خاموش رضامندی ہوتی، بلکہ ایسی عدالت میں بیٹھے رہنے کے مترادف ہوتا جس کی آئینی آواز مکمل طور پر دبا دی گئی ہے۔ چھبیسویں ترمیم کے برعکس، جب سپریم کورٹ کے پاس ترمیم کی آئینی جانچ کا اختیار موجود تھا، ستائیسویں ترمیم اس اختیار کو بھی ختم کر چکی ہے۔ اس حالت میں، نہ تو میں آئین کا دفاع کر سکتا ہوں اور نہ اس ترمیم کا عدالتی جائزہ لے سکتا ہوں جس نے آئینی ڈھانچے کو بگاڑ دیا ہے۔

ایک ایسی عدالت کے اندر رہ کر میں اپنا حلف کی پاسداری نہیں کر سکتا جس سے اس کا آئینی کردار ہی چھین لیا گیا ہو۔ اس لیے استعفیٰ ہی میرے سامنے اپنے حلف سے وفاداری کا واحد صاف، دیانت دار اور مؤثر راستہ بچتا ہے۔ ایسی سپریم کورٹ میں رہنا یہ تاثر دے گا کہ میں نے اپنا حلف عہدے، مراعات یا آسائش کے بدلے بیچ دیا۔ لہٰذا ذیل میں بیان کردہ وجوہات کی بنا پر، اور آئین پاکستان کے آرٹیکل 206(1) کے تحت، میں اپنے عہدے سے فوری طور پر استعفیٰ دیتا ہوں۔

1. سیاسی ضرورت کی تخلیق کردہ عدالت

ستائیسویں آئینی ترمیم ایک ایسی حکومت نے کی اور اسے سپریم کورٹ کی ایسی موجودہ قیادت نے قبول کیا جن کی اپنی آئینی حیثیت زیر جائزہ اور سوالات ، کے کٹہرے میں کھڑی تھی۔ ایسے وقت میں جب عدالت کی آزادی وقار اور اصولی مزاحمت کی ضرورت تھی، موجودہ چیف جسٹس نے نہ صرف کوئی مزاحمت نہیں کی بلکہ ادارے کا دفاع کرنے کے بجائے، انہوں نے ترمیم کو من وعن قبول کیا اور صرف اپنے عہدے کے تحفظ کو ترجیح دی، جبکہ



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

MR. JUSTICE SYED MANSOOR ALI SHAH
SUPREME COURT OF PAKISTAN

سپریم کورٹ کا آئینی وجود اور مقام ختم ہو رہا تھا۔ جب عدلیہ کا سربراہ، اپنی ہی متنازعہ حیثیت کے باوجود، ادارے کے بجائے اپنے منصب اور عہدے کو ترجیح دے، تو اسے قیادت نہیں بلکہ ادارے سے دستبرداری کہا جاتا ہے۔

پاکستان میں ہمیشہ ایک ہی سپریم کورٹ رہی ہے—1948 کی فیڈرل کورٹ سے لے کر 1956 کے آئین کے تحت قائم ہونے والی سپریم کورٹ تک۔ یہ ہمارا مشترکہ ورثہ ہے۔ مگر ستائیسویں ترمیم نے اس ڈھانچے کو توڑ کر سپریم کورٹ کے اوپر ایک نئی "وفاقی آئینی عدالت" قائم کر دی ہے، جو ہمارے عدالتی، جمہوری اور کامن لاء نظام سے سراسر متصادم ہے۔

یہ ترمیم کسی آئینی ضرورت، قانونی اصول یا عدالتی روایت پر مبنی نہیں ہے۔ اسے بغیر کسی مشاورت، بحث یا عدلیہ کی رائے لیے، پارلیمنٹ سے منظور کیا گیا۔ اس کا واحد مقصد حکومت کو یہ اختیار دینا ہے کہ وہ اپنی مرضی اور پسند کے جج چُن کر ایک ایسی عدالت بنا سکے جو اس کے تابع ہو، جبکہ سپریم کورٹ کو صرف ایک اپیل عدالت میں بدل کر اس کے تمام آئینی اختیارات ختم کر دیے جائیں۔

مجھے اُن جج صاحبان کے لیے شدید افسوس ہے جنہیں اب اس نئی وفاقی آئینی عدالت کا حصہ بنایا جائے گا—ایک ایسی عدالت جسے آئینی بصیرت سے نہیں بلکہ سیاسی مصلحت کے تحت وجود میں لایا گیا ہے۔ یہ کوئی اصلاح نہیں؛ بلکہ خطرناک ترین قسم کی تنزلی ہے۔ یہ ترمیم عدلیہ کو اپنے قبضے میں لے لیتی ہے، سپریم کورٹ آف پاکستان کو اندر سے کھوکھلا کر دیتی ہے، اور آئینی فیصلے کرنے والے فورم کی جگہ ایک ایسی عدالت کھڑی کرتی ہے جو اصولوں کے نہیں، طاقت کے مطابق ڈھالی گئی ہے



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

MR. JUSTICE SYED MANSOOR ALI SHAH
SUPREME COURT OF PAKISTAN

2. اختتام کی شروعات

چھبیسویں آئینی ترمیم، جو اکتوبر 2024 میں منظور ہوئی، عدلیہ کی آزادی کو کمزور کرنے کا پہلا قدم تھی۔ تب امید تھی کہ سپریم کورٹ بطور فل کورٹ اس ترمیم کا بغور آئینی جائزہ لے گی۔ اس امید پر میں اپنے ادارے سے وابستہ رہا۔ مگر آج وہ امید ختم ہو چکی ہے۔ عدلیہ کی روشنی کسی حادثے سے نہیں بجھی — اسے بجھایا گیا ہے۔

3. میرا آئینی عزم

جب میں نے 2009 میں لاہور ہائی کورٹ کے جج کے طور پر حلف لیا، تو میں ایک آئینی عدالت کا حصہ بنا تھا۔ آئین کی بالادستی، جمہوریت کی مضبوطی، بنیادی حقوق کے تحفظ، اور قانون کی حکمرانی کے لیے کام کرنا میری زندگی کا مقصد تھا۔

آج مجھ سے کہا جاتا ہے کہ میں ایک ایسی عدالت میں بیٹھوں جس کے پاس اپنا آئینی اختیار ہی نہیں بچا — ایک ایسی عدالت جو عوام کے بنیادی حقوق کی محافظ ہی نہیں رہی۔ یہ وہ عدالت نہیں جس میں میں آیا تھا، اور نہ وہ عدالتی زندگی جس کا میں نے انتخاب کیا تھا۔

4. اختتامی تاثرات

میں اپنے فیصلوں کو قانونی طلباء کے لیے چھوڑ جاتا ہوں تاکہ وہ انہیں پڑھیں، ان پر غور کریں، اور، مجھے امید ہے، انہیں سیکھنے کو ملے گا۔ جو کچھ میں نے لکھا، یقین، جذبے اور صدق دل سے لکھا — میری یہ ادنی کوشش آئین پاکستان اور پاکستان کی عوام کے لئے وقف ہے۔ ایک جج کا حقیقی ورثہ صرف فیصلوں کی تعداد میں نہیں، بلکہ اس میں ہے کہ کس طرح قانون کو بہترین انداز سے عوام کی دادرسی اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لئے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ اگر کسی حد تک، میرے کام نے اس سمت میں مدد کی ہے، تو میں مطمئن ہوں — کیونکہ قانون کی عظمت، زندگی کی طرح، طاقت میں نہیں بلکہ رحم میں پوشیدہ ہے۔



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

وہ قومیں ترقی کرتی ہیں جہاں حکومت میں قانون کی حکمرانی کو مرکزی حیثیت حاصل ہو اور عدالتی آزادی کو مقدس امانت کی طرح پر محفوظ رکھا گیا ہو۔ جہاں انصاف کو جکڑ دیا جائے، قومیں صرف لڑکھڑاتی نہیں—— وہ اپنا اخلاقی ربط کھو دیتی ہیں۔ تاریخ گواہ ہے: جب عدالتیں خاموش ہو جاتی ہیں، معاشرے اندھیرے میں ڈوب جاتے ہیں۔

5. تشکر اور دعا

ضلعی عدلیہ کے تمام جج صاحبان کا میں تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ آپ ہی عوام کے اصل رابطے کا مرکز ہیں، اور آپ کی دیانت دارانہ خدمت عدلیہ کی حقیقی بنیاد ہے۔

وکلاء اور سرکاری لاء آفیسرز کا بھی شکریہ جنہوں نے میرے سامنے پیش ہوتے رہے اور میرے ساتھ تعینات رہنے والی ریسرچ افسران اور لاء کلرکس کا میں معترف ہوں، آپ کی وکالت اور محنت نے قانون کو سمجھنے میں میری بھرپور مدد کی۔ ان نوجوان وکلاء کو جو اب اپنے سفر کا آغاز کر رہیں—— یاد رکھیں کہ قانون ضمیر کی ایک پکار ہے۔ آپ کی تعلیم اور استحقاق ضائع ہو جائیں گے اگر، جب وقت آئے، آپ آئین کے ساتھ نہ کھڑے ہوں۔

سپریم کورٹ اور لاہور ہائی کورٹ کے میرے محنتی اسٹاف—— خاص طور پر میرے سیکرٹریز اور قاصدین—— کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے میرے ارد گرد ایک پر سکون، باوقار اور آزاد ماحول قائم رکھا جس میں میں پوری توجہ سے اپنے فرائض سر انجام دے سکا۔ میں اپنے گھر کے عملے کو بھی شکریہ کہتا ہوں کہ انہوں نے ان تمام سالوں میں انتہائی وفاداری اور ایمانداری سے میرا ساتھ دیا۔

اپنے ساتھی ججوں اور ان تمام لوگوں کا بھی شکریہ جن کے ساتھ مجھے کام کرنے کا موقع ملا۔ اگر میرے کسی عمل یا بات سے کسی کو تکلیف پہنچی ہو تو میں دلی معذرت چاہتا ہوں۔



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

اپنے قریبی دوستوں کا میں دل کی گہرائی سے شکر گزار ہوں—— بالخصوص اپنے اسکول کے وہ ساتھی جو تمام عمر میرے ساتھ چلتے رہے، اور اُن چند باوفا دوستوں کا بھی جن سے بعد میں رفاقت ہوئی اور جن کی دوستی میں آج بھی بے حد قدر کرتا ہوں۔ اُن کی ثابت قدمی، خاموش قوت اور بے لوث وفاداری نے اس سفر میں ہمیشہ میرا حوصلہ بلند رکھا۔

اپنے اہلِ خانہ کا شکریہ جنہوں نے ہر موڑ پر میرا ہاتھ تھاما۔ اپنے والدین—— خصوصاً اپنی والدہ—— کی دعاؤں اور اخلاقی تربیت کا مقروض ہوں۔ اپنی اہلیہ کا جنہوں نے ہمیشہ مضبوطی، سچائی اور ضمیر کی آواز بن کر میرا ساتھ دیا۔ اپنے بچوں کا جنہوں نے میری زندگی کے ہر دکھ سکھ میں میرا ساتھ نبھایا۔ اور اپنے چھوٹے بیٹے کا، جس نے مجھے سکھایا کہ اللہ بہترین منصوبہ ساز ہے۔

آخر میں احمد فراز کے یہ اشعار میرے یقین کا سہارا ہیں:

مرا قلم تو امانت ہے میرے لوگوں کی
مرا قلم تو عدالت مرے ضمیر کی ہے
اسی لیے تو جو لکھا تپاکِ جاں سے لکھا
جبھی تو لوچ کماں کا زبان تیر کی ہے
میں کٹ گروں کہ سلامت رہوں یقیں ہے مجھے
کہ یہ حصارِ ستم کوئی تو گرائے گا
تمام عمر کی ایذا نصیبیوں کی قسم
مرے قلم کا سفر رائیگاں نہ جائے گا



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com

MR. JUSTICE SYED MANSOOR ALI SHAH
SUPREME COURT OF PAKISTAN

میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینیئر ترین جج کی حیثیت سے، پوری ذمہ داری اور مکمل شعور کے ساتھ اپنا استعفیٰ پیش کرتا ہوں۔ میں اس بات پر فخر کے ساتھ رخصت ہوتا ہوں کہ میں نے اس ادارے کی عزت، ایمانداری اور دیانت کے ساتھ خدمت کی، اور اس اطمینان کے ساتھ جا رہا ہوں کہ میرا ضمیر صاف ہے اور میرے دل میں کوئی پچھتاوا نہیں۔

مودبانہ

سید منصور علی شاہ

سینیئر ترین جج

سپریم کورٹ آف پاکستان

اسلام آباد



Constitution Avenue, Islamabad Pakistan. Ph: +92-51-9216649, 9220581, Email: manlive@gmail.com